Finance Minister SmtNirmalaSitharaman and Finance Minister of BhutanMrLyonpoNamgayTshering jointly launch BHIM–UPI in Bhutan

July 13, 2021

وزیر مالیات محترمہ نرملا سیتا رمن اور بھوٹان کے وزیر مالیات جناب لیون پو نامگے شیرنگ نے مشترکہ طورپر بھوٹان میں بھیم-یوپی آئی لانچ کیا

13 جولائی، 2021

یہ شروعات 2019 میں ہندوستان کے وزیر اعظم کے بھوٹان کے سرکاری دورے کے دوران دونوں ملکوں کے ذریعے اعلان شدہ عہد کی تکمیل ہے

مالیات اور کارپوریٹ امور کی مرکزی وزیر محترمہ نرملا سیتا رمن نے بھوٹان کے اپنے ہم منصب عزت مآب وزیر مالیات جناب لیونپو نامگے شیرنگ کے ساتھ مشترکہ طورپر آج دوپہر میں ایک ورچوئل تقریب میں بھوٹان میں بھیم- یو پی آئی کا آغاز کیا۔ اس تقریب میں وزیر مملکت (مالیات) ڈاکٹر بھاگوت کشن راؤکراڈ، بھوٹان کے رائل مانیٹری اتھارٹی کے گورنر جناب داشو پینجور، فائننشیل سروسز محکمے کے سیکریٹری جناب دیواسیش پانڈا، بھوٹان میں ہندوستان کی سفیر محترمہ روچیرا کمبوج، اور ہندوستان میں بھوٹان کے سفیر جنرل وی نامگیال اور این پی سی آئی کے ایم ڈی اور سی ای او جناب دلیپ اسبے نے بھی حصہ لیا۔

اس موقع پر اپنے خطاب میں محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ ہندوستان کی ’پڑوس پہلے‘پالیسی کے تحت بھوٹان میں یہ خدمات شروع کی گئی ہیں۔ ہندوستان کو اپنی اس حصولیابی پر فخر ہے اور اسے اپنے قابل قدر پڑوسی کے ساتھ ساجھا کرتے ہوئے بے حد خوشی محسوس ہورہی ہے۔ وزیر مالیات نے کہا کہ بھیم –یوپی آئی ہندوستان کی ترقی کے سب سے روشن پڑاؤ میں سے ایک ہے اور کووڈ-19 وباء کے دور میں ڈیجیٹل لین دین کے شعبے میں ایک اہم حصولیابی ہے۔ پچھلے 5 برسوں میں 100 ملین سے زیادہ یوپی آئی کیو آر بنائے گئے ہیں اور مالی سال 2020-21 کے دوران بھیم –یوپی آئی نے 41 لاکھ کروڑ روپے کی قیمت کے 22 ارب لین دین کو پورا کرنے میں تعاون کیا ہے۔

بھوٹان کے وزیر مالیات جناب لیونپو نامگے شیرنگ نے بھوٹان میں بھیم –یوپی آئی خدمات کے آغاز کے لئے حکومت ہند کا شکریہ ادا کیا اور اس پہل کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات دن بہ دن مضبوط ہوتے گئے ہیں۔

یہ شروعات 2019 میں بھار ت کے عز ت مآب وزیر اعظم کے ذریعے بھوٹان کے سرکاری دورے کے دوران دونوں ملکوں کے ذریعے اعلان شدہ عہد کو پورا کرتی ہے۔ اس دورے کے بعد ہندوستان

اور بھوٹان ایک دوسرے کے یہاں روپے کارڈ کی منظوری کے بین چلن کو دو مرحلوں میں –پہلے مرحلے میں ہندوستان میں جاری روپے کارڈوں کی بھوٹان میں واقع ٹرمنلوں پر منظوری اور دوسرے مرحلے میں بھوٹان میں جاری روپے کارڈوں کی ہندوستان میں واقع ٹرمنلوں پر منظوری ممکن بنا چکے ہیں۔

بھوٹان میں آج بھیم – یو پی آئی کے لانچ کے ساتھ دونوں ملکوں کی ادائیگی سے متعلق بنیادی ڈھانچہ مکمل طورپر آپس میں جڑ گئے ہیں اور اس سے ہر سال بھوٹان کا سفر کرنے والے بڑی تعداد میں ہندوستانی سیاحوں اور کاروباریوں کو فائدہ ہوگا۔ یہ قدم ایک بٹن کے لمس سے کیش لیس لین دین کے ذریعے روزی روٹی اور سفر کو اور زیادہ آسان بنائے گا۔

بھیم – یوپی آئی کے اس مبارک آغاز کے مرحلے میں محترمہ نرملا سیتارمن نے بھیم –یوپی آئی کا استعمال کرکے ایک بھوٹانی اوجی او پی آؤٹ لیٹ جو کہ بھوٹان میں مقامی افراد کے ذریعے آرگینک طورپر تیار کی گئی تازہ زراعتی اشیاء فروخت کرتا ہے سے ایک آرگینک سامان خریدنے کے لئے ایک لائیو لین دین کیا۔

بھوٹان اپنے کیو آر کے استعمال کے لئے یو پی آئی معیارات کو اپنانے والا پہلا ملک ہے اور بھیم ایپ کے توسط سے موبائل پر مبنی ادائیگی کو قبول کرنے والا ہمارا پہلا قریبی پڑوسی ملک ہے۔

نئی دہلی

13 جولائی، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.